

مُناجاتِ مقبول

حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

اللہ

اسمائے حسنیٰ کی فضیلت

قرآنِ کریم میں ہے

"اللہ تعالیٰ کے اچھے اچھے نام ہیں، لہٰذا اُس کو انہیں ناموں سے پکارو۔"
(سورۃ الاعراف، آیت ۱۸۰)

حدیث شریف میں ہے

یقیناً اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں یعنی ایک کم سو (۱۰۰)۔ جس نے ان کو یاد کیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔ (صحیح بخاری)

حضرت حاجی شکیل احمد صاحب دامت برکاتہم

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ	الْمَلِكُ	الْقُدُّوْسُ	السَّلَامُ
الْمُؤْمِنُ	الْمُهَيْمِنُ	الْعَزِيْزُ	الْجَبَّارُ	الْمُتَكَبِّرُ
الْخَالِقُ	الْبَارِئُ	الْمُصَوِّرُ	الْغَفَّارُ	الْقَهَّارُ
الْوَهَّابُ	الرَّزَّاقُ	الْفَتَّاحُ	الْعَلِيْمُ	الْقَابِضُ
الْبَاسِطُ	الْخَافِضُ	الرَّافِعُ	الْمُعِزُّ	الْمُذِلُّ
السَّمِيْعُ	الْبَصِيْرُ	الْحَكَمُ	الْعَدْلُ	اللَّطِيْفُ
الْخَبِيْرُ	الْحَلِيْمُ	الْعَظِيْمُ	الْغَفُوْرُ	الشَّكُوْرُ
الْعَلِيُّ	الْكَبِيْرُ	الْحَفِيْظُ	الْمُقِيْتُ	الْحَسِيْبُ
الْجَلِيْلُ	الْكَرِيْمُ	الرَّقِيْبُ	الْمُجِيْبُ	الْوَاسِعُ
الْحَكِيْمُ	الْوَدُوْدُ	الْمَجِيْدُ	الْبَاعِثُ	الشَّهِيْدُ

الْحَقُّ الْوَكِيلُ الْقَوِيُّ الْمَتِينُ الْوَلِيُّ

الْحَمِيدُ الْمُحْصِي الْمُبْدِئُ الْمُعِيدُ الْمُحْيِي

الْمُمِيتُ الْحَيُّ الْقَيُّومُ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ

الْوَاحِدُ الْأَحَدُ الصَّمَدُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ

الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ الْأَوَّلُ الْآخِرُ الظَّاهِرُ

الْبَاطِنُ الْوَالِي الْمُتَعَالِي الْبَرُّ التَّوَّابُ

الْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ الرَّؤُوفُ مَالِكُ الْمُلْكِ

ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ الْمُقْسِطُ الْجَامِعُ الْغَنِيُّ

الْمُغْنِيُّ الْمَانِعُ الضَّارُّ النَّافِعُ النُّورُ

الْهَادِي الْبَدِيعُ الْبَاقِي الْوَارِثُ الرَّشِيدُ

الصَّبُورُ

HIRA PUBLICATION

اورادِ مومن

مناجاتِ مقبول

حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۰/ درود و سلام

عمل کم نفع زیادہ مع منزل

مرتّب

حاجی حضرت شکیل احمد صاحب دامت برکاتہم

الله

تفصیلات

کتاب کا نام : اورادِ مومن

مُرتّب : حضرت حاجی شکیل احمد صاحب مدظلہ العالی

تقریظ : حضرت اقدس مفتی محمد حنیف صاحب رحمۃ اللہ علیہ

سنِ طباعت : ۱۴۳۶ھ ۲۰۱۶ء

تعدادِ طباعت : تین ہزار پانچ سو (۳۵۰۰)

قیمت : 100 روپئے

ناشر : حرا HIRA PUBLICATION ™

www.shariat.info

ملنے کا پتہ

ادارۂ اسلامیات

۳۶ ؍ محمد علی روڈ، ممبئی ۳، انڈیا

IDARA ISLAMIYAT

36, Mohammad Ali Road, Mumbai-3.

Ph: 022-23435243

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حرا پبلکیشن

تعارف... مقاصد... سرگرمیاں

"**حرا پبلکیشن**" کسی کی ذاتی مِلک نہیں، بل کہ یہ ادارہ "وقف للہ" ہے۔ الحمدللہ ادارے کو مستند علما کرام اور مفتیانِ عظام کا مشورہ اور علمی تعاون حاصل ہے۔

ادارے کا مقصد یہ ہے کہ:

۱۔ علمائے حق کی ضخیم کتابوں سے امت کی دینی ضرورت کے مطابق چھوٹے چھوٹے کتابچے تیار کئے جائیں تاکہ ہر ایک کے لیے خریدنا اور پڑھنا دونوں آسان ہو۔

۲۔ امت کی دینی ضرورت کے پیشِ نظر، عام فہم کتابیں، مختلف زبانوں میں شائع کی جائیں، تاکہ دینی بیداری کے ساتھ ساتھ، دین کے تمام شعبوں کا علم حاصل کرنا بھی ہر ایک کے لیے آسان ہو سکے۔

"**حرا**" کی کتابیں طباعت کے اعلیٰ معیار کے مطابق، عمدہ کاغذ اور خوبصورت سے خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ شائع کی جاتی ہیں، تاکہ دینی کتابوں کا باطنی اور ظاہری حسن دونوں باقی رہے۔

اللہ کا شکر ہے کہ "**حرا پبلکیشن**" کی کتابیں عوام وخواص میں پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھی جارہی ہیں، معیاری طباعت کی وجہ سے کتابیں کچھ مہنگی تو ضرور ہوتی ہیں، مگر اہلِ ذوق پسند کرتے ہیں اور اہلِ دل دعائیں دیتے ہیں۔

گزارش ہے کہ آپ بھی "**حرا**" کی کتابوں کے خریدار بنیں، خود پڑھیں، علماء کرام اور پڑھنے والے دوست و احباب کو ہدیۃً پیش کریں۔ اللہ تعالیٰ ادارے کو ہر شر سے بچاکر ہر طرح کی ترقیات سے نوازے اور تمام معاونین کے لیے دنیا و آخرت کا ذخیرہ بنائے۔ (آمین)

احبابِ حرا™ HIRA PUBLICATION

اپنی بات

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔ اَمَّا بَعْد

یہ کتاب کوئی باقاعدہ تصنیف نہیں ہے، بل کہ تین مختلف رسائل:

(۱) مناجاتِ مقبول (۲) سو درود و سلام (۳) عمل کم نفع زیادہ

کے مجموعے کا نام ''اورادِ مومن'' رکھ دیا گیا ہے۔

''مناجاتِ مقبول'' کی دعائیں اپنے مانگنے والوں کے لیے دنیا و آخرت کی کامیابی کے حصول اور تمام شرور و فتن سے حفاظت کی ضامن ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اِن دعاؤں کو اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو سکھایا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مانگا اور پایا، اور اِس کو پسند فرمایا کہ امت اللہ سے مانگتی رہے اور پاتی رہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے بھی فرمایا کہ مجھ سے مانگو میں دوں گا۔

مانگنے کو بھی ہمیں فرما دیا ۔۔۔ مانگنے کا ڈھنگ بھی بتلا دیا
بلکہ مضموں بھی ہر اک درخواست کا ۔۔۔ ہم کو یا رب تو نے خود سکھلا دیا
ہر گھڑی دینے کو تو تیار ہے ۔۔۔ جو نہ مانگے اس سے تو بیزار ہے

(منظوم مناجاتِ مقبول)

مناجاتِ مقبول کی ساری دعائیں عام طور سے ایک دن میں مانگنا مشکل تھا، اس لیے امت کی سہولت کے لیے مشائخ نے ان کو ہفتے کے سات دنوں میں سات منزلوں پر تقسیم کر دیا ہے۔

ایک منزل کی دعائیں ایک دن میں نہیں مانگ سکتے تو دو دن میں مانگئے، دو دِن میں نہیں مانگ سکتے تو چار دن میں مانگئے، مگر مانگئے ضرور!، کچھ ہی دنوں کی پابندی سے نمایاں فائدہ محسوس ہوگا۔ مانگنے والا جب دعاؤں کے ذریعہ ملتا ہوا دیکھے گا تو اس کا یقین بڑھ جائے گا، کہ ''اللہ ہی سے ملتا ہے''۔ پھر وہ اپنی حاجتوں کو مخلوق کے سامنے رکھنے سے پہلے اللہ کے سامنے پیش کرے گا۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو خوب مانگنے والا بنائے۔

جس کو دینا چاہتے ہیں، اسے مانگنا دیتے ہیں
جسے دینا نہیں چاہتے، اسے 'مانگنا' نہیں دیتے۔

نوٹ: حج وعمرہ کرنے والوں کے لئے ''اورادِ مومن'' سفر کا بہترین تحفہ ہے۔

دعاؤں کا طالب

شکیل احمد

اَوْرَادِ مُؤْمِنْ کیا؟ کہاں؟

مناجاتِ مقبول

پہلی منزل	سنیچر	شنبہ	یوم السبت	۱۹
دوسری منزل	اتوار	یک شنبہ	یوم الأحد	۳۳
تیسری منزل	پیر	دوشنبہ	یوم الاثنین	۴۸
چوتھی منزل	منگل	سہ شنبہ	یوم الثلاثاء	۶۱
پانچویں منزل	بدھ	چہارشنبہ	یوم الأربعاء	۷۵
چھٹی منزل	جمعرات	پنج شنبہ	یوم الخمیس	۸۸
ساتویں منزل	جمعہ	آدینہ	یوم الجمعہ	۱۰۱

۱۰۰ درود و سلام

(”اورادِ مومن“ کی ساتویں منزل کے ختم پر ملاحظہ فرمائیں)

عمل کم نفع زیادہ مع منزل

(”۱۰۰ درود وسلام“ کے ختم پر ملاحظہ فرمائیں)

تقریظ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ۔

بعد حمد وصلوٰۃ یہ ناکارہ نام کا حنیف ’’کام کا کثیف‘‘ عَفَا اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ مَاصَدَرَمِنَ الزُّلَلِ وَاِنَّہٗ تَعَالٰی مُجِیْبٌ۔ بعد ازاں گزارش ہے کہ میرے کرم فرما بہت ہی عزیز دوست بھائی شکیل احمد مدظلہٗ وسلمہٗ نے بنظرِ نصحِ مسلمین ایسی دعاؤں کا ایک مجموعہ تالیف فرمایا ہے کہ وہ ساری دعائیں آپ علیہ الصلوٰۃ و السلام نے موقع بموقع حضراتِ صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو تعلیم فرمائی تھیں۔ کھلی بات ہے کہ بَفَحْوَائے آیت ’’وَمَا یَنۡطِقُ عَنِ الۡھَوٰی اِنۡ ھُوَ اِلَّا وَحۡیٌ یُّوۡحٰی‘‘ یہ ساری دعائیں آپ کی زبانِ مبارک سے از راہِ وحی وجود میں آئیں۔ اس لیے یہ بات لُزوماً ثابت ہوگئی کہ اللہ رب العزت کی طرف سے ہی ارشاد ہوا کہ میرے بندوں سے آپ کہیں کہ وہ اِن کلمات کے ذریعے میری بارگاہ میں سوالی بنیں۔ اب کھلی بات ہے کہ جب عرضی کا مضمون خود حاکمِ اعلیٰ ہی کا تعلیم کیا ہوا ہو تو اس عرضی کی مقبولیت میں کیا شبہ ہوسکتا ہے، اس لیے اس رسالۂ عجالہ کی ساری دعائیں حرزِ جان بنانے کے لائق ہیں کہ اس راہ سے دارین کی صلاح اور فلاح کی امید اور توقع ہے۔

(مفتی) محمد حنیف جونپوری نزیل بمبئی

دعا کے بارے میں کچھ ضروری باتیں

دعا کیا ہے؟

حدیث شریف میں ہے کہ جس کو دعا کی توفیق ہوگئی اس کے لیے قبولیت کے دروازے کھل گئے، ایک روایت میں ہے کہ رحمت کے دروازے کھل گئے اور ایک روایت میں ہے کہ اس کے لیے جنت کے دروازے کھل گئے ۔

دعا تمام عبادات میں افضل ہے۔ (المستدرک للحاکم)

دعا عبادت کا مغز ہے۔ (ترمذی)

دعا رحمت کی کنجی ہے۔ (کنز العمال)

دعا مومن کا ہتھیار ہے، دین کا ستون ہے اور آسمان و زمین کا نور ہے۔ (الترغیب والترہیب)

دعا کرنے کے فائدے کیا ہیں؟

دعا سے تقدیر بدل جاتی ہے۔ (احمد)

دعا بلاؤں کو ہٹاتی ہے۔ (کنز العمال)

اور ایک دوسری حدیث میں ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ آؤ میں تمہیں ایسی چیز بتادوں جو تمہیں تمہارے دشمنوں

سے بھی نجات دلائے، اور تمہاری روزی بھی بڑھائے، وہ یہ ہے کہ تم رات دن میں (جس وقت یا جتنی بار مانگ سکو) اللہ تعالیٰ سے اپنی اپنی حاجتیں مانگا کرو۔ (احمد)

دعا نہ کرنے کے نقصانات کیا ہیں؟

دعا نہ مانگنا بہت بڑے خیر سے محرومی ہے؛ اس لیے کہ حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک دعا سے بڑھ کر کوئی چیز بزرگی والی نہیں ہے۔ (ترمذی)

حدیث میں ہے مَنْ لَمْ یَسْأَلِ اللّٰهَ یَغْضَبْ عَلَیْهِ۔ جو اللہ تعالیٰ سے دعا نہیں کرتا؛ اللہ اس پر غضبناک (غصہ) ہوتا ہے۔ (احمد)

کن لوگوں کی دعا قبول ہوتی ہے؟

نیک آدمی کی دعا مقبول ہوتی ہے۔ (بخاری)

والد کی دعا اولاد کے حق میں۔ (ابوداؤد)

فرماں بردار اولاد کی دعا والدین کے حق میں (مسلم)

مصیبت زدہ لوگوں کی دعا (بخاری)

مظلوم اگرچہ فاسق و فاجر ہو (مسند احمد)

مسافر کی دعا (ابوداؤد)

مسلمان بھائی کے لیے غائبانہ دعا (ابوداؤد)

حاجی کی دعا جب تک واپس وطن نہ لوٹ آئے (جمع الفوائد)

کن لوگوں کی دعا قبول نہیں ہوتی؟

حرام مال کا استعمال کرنے والا (ترمذی)

قطع رحمی کرنے والا (مسلم)

قبولیت میں جلد بازی کرنے والا (ترمذی)

غفلت کے ساتھ دعا کرنے والا (ترمذی)

بھلائی کا حکم کرنے اور برائی سے روکنے کا کام چھوڑنے والا (ترمذی)

قبولیت کے خاص اوقات کیا ہیں؟

اذان کے وقت (ابوداؤد)

اذان اور اقامت کے درمیان (الترغیب والترہیب)

فرض نماز کے بعد (ترمذی)

تہجد کے وقت (بخاری)

تلاوت قرآن کے بعد (ترمذی)

ختمِ قرآن کے بعد (طبرانی)

رقّتِ قلب (دل کی نرمی) کے وقت (کنز العمال)

جمعہ کی رات میں (حصن حصین)

جمعہ کے دن طلوع آفتاب سے غروبِ آفتاب تک (بخاری)

بارش کے وقت (ابوداؤد)

سفر کے دوران (شعب الایمان)

افطار کے وقت (ابن حبان)

رمضان کا پورا مہینہ (مسند بزار)

شبِ قدر میں (حاکم)

کعبہ کو دیکھنے کے وقت (حصن حصین)

زمزم پیتے وقت (حصن حصین)

عرفہ کے دن (ترمذی)

قبولیت کے خاص مقامات کیا ہیں؟

طواف کے دوران (حصن حصین)

ملتزم کے پاس (حصن حصین)

کعبہ کے اندر (حصن حصین) حطیم بھی کعبہ کا حصہ ہے۔

میزاب رحمت کے نیچے (حصن حصین)

صفا اور مروہ کی پہاڑی پر (ابوداؤد)

سعی کے دوران (ابوداؤد)

منٰی میں (نسائی)

میدان عرفات میں (موطا امام مالک)

مزدلفہ میں (مسلم)

تینوں جمرات پر (نسائی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے روضۂ اطہر پر (حصن حصین)

دعا مانگنے کے آداب کیا ہیں؟

باوضو دعا مانگنا (ترغیب) (بے وضو بھی دعا مانگی جاسکتی ہے)

دو زانوں قبلہ رخ ہو کر دعا کرنا۔ (ترمذی)

دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں آسمان کی طرف اور انگلیاں قبلے کی طرف رکھنا (ابوداؤد)

ہاتھوں کو کندھے یا سینے تک اٹھانا (ابوداؤد)

دعا سے قبل اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرنا (بخاری)

دعا سے قبل اور دعا کے ختم پر درود پاک پڑھنا (حاکم)

دل لگا کر دعا کرنا (حاکم)

اپنی ذات سے دعا کی ابتدا کرنا پھر عام لوگوں کے لیے دعا کرنا (مسلم)

قبولیت کی یقین کے ساتھ دعا مانگنا (مسلم)

دعا کے دوران جب یا اللہ! رَبَّنَا یا اَللّٰھُمَّ کہا جائے تو اس بات کی کوشش کی جائے کہ دل مخلوق کے تصور سے خالی ہو۔ (مرتب)

دعا کے بعد چہرے پر ہاتھ پھیرنا۔ (ابوداؤد)

مناجاتِ مقبول کی دعائیں کیسے مانگیں؟

مناجاتِ مقبول کی تمام دعائیں ، ہفتہ کے سات (۷) دنوں کے اعتبار سے سات (۷) منزلوں پر منقسم ہیں؛ تاکہ روزانہ ایک منزل کی دعائیں آسانی کے ساتھ مانگی جاسکیں۔

پہلی منزل کے شروع میں ایک صفحہ "**خطبہ**" کے عنوان سے لکھا ہوا ہے؛ یہ خطبہ ہر منزل کے شروع میں پڑھنا چاہیے۔

چوں کہ "اسم اعظم" اور "درود شریف" کے ساتھ مانگی جانے والی دعائیں قبولیت کے زیادہ قریب ہوتی ہیں ؛ اس لیے مناجات کے خطبہ سے پہلے اسمِ اعظم اور درودِ ابراہیمی بھی لکھ دیا گیا ہے۔

اس لیے ہر منزل کے شروع میں پہلے اسم اعظم اور درود شریف پڑھیں، پھر مناجاتِ مقبول کا خطبہ پڑھ کر دعا شروع کریں۔ نیز دعا کے ختم پر بھی درود پاک پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الٓمّٓ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ، اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ

وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ،

مناجاتِ مقبول کا خطبہ

خُطْبَةُ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَ صَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ

موجب قربت ہے اللہ تعالیٰ کے یہاں اور دعائیں ہیں رسول ﷺ کی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ ۝ وَاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ ۝

حمد کرتے ہیں ہم تیری اے بہتر ان کے جن سے امید کی جائے اور سخی تر ان کے جن سے سوال کیا جائے

عَلٰى مَا عَلَّمْتَنَا مِنَ الْمُنَاجَاتِ الْمَقْبُوْلِ ۝

اس پر کہ سکھائی تو نے ہمیں مناجات مقبول کہ

مِنْ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ ۝

وہ موجب قربت ہے، اللہ تعالیٰ کے یہاں اور دعائیں ہیں رسول ﷺ کی

فَصَلِّ عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ وَالْقَبُوْلُ ۝

تو رحمت کاملہ بھیج آپ پر جب تک کہ چلے ہوا پچھوا اور پوروا،

وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ۝ ثُمَّ نَسْئَلُكَ

اور نکلیں شاخیں جڑوں سے، بعد ازیں مانگتے ہیں ہم تجھ سے وہ

بِمَا سَنَقُوْلُ ۝ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ ۝

جو آگے کہتے ہیں، اور ہمارا کام سوال کرنا ہے اور تیرا کام قبول کرنا ہے

المنزل الاول یوم السبت

پہلی منزل بروز سنیچر (شنبہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان ، نہایت رحم والے ہیں

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً

اے ہمارے پروردگار ! ہمیں دُنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی،

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا

اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے ۔ اے ہمارے پروردگار! ہمارے دلوں میں صبر ڈال دے اور

وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

ہمیں ثابت قدمی بخش دے اور ہمیں اس کافر قوم کے مقابلے میں فتح و نصرت عطا فرمادے۔

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ

اے ہمارے پروردگار! اگر ہم سے کوئی بھول چوک ہوجائے تو ہماری گرفت نہ فرمائیے،

رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ

اور اے ہمارے پروردگار! ہم پر اس طرح کا بوجھ نہ ڈالئے جیسا آپ نے

عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا

ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا اور اے ہمارے پروردگار! ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈالئے

لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۗ وَاغْفِرْ لَنَا ۗ

جسے اٹھانے کی ہم میں طاقت نہ ہو، اور ہماری خطاؤں سے درگزر فرمائیے، ہمیں بخش دیجئے،

وَارْحَمْنَا ۗ اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ

اور ہم پر رحم فرمائیے، آپ ہی ہمارے حامی و ناصر ہیں، اس لئے کافر لوگوں کے مقابلے میں

الْكٰفِرِيْنَ ۝ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ

ہمیں نصرت عطا فرمائیے۔ اے ہمارے رب! آپ نے ہمیں جو ہدایت عطا فرمائی ہے اس کے

هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ

بعد ہمارے دلوں میں ٹیڑھ پیدا نہ فرما، اور ہمیں اپنی خاص رحمت عطا فرما، بیشک آپ کی ہی ذات وہ ہے جو

اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا

بے انتہا بخشش کی خو گر ہے۔ اے ہمارے پروردگار! ہم آپ پر ایمان لے آئے۔ آپ ہمارے گناہوں کو

ذُنُوْبَنَا وَ قِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ

کو بخش دیجئے، اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لیجئے۔ اور اے ہمارے رب! آپ نے یہ

هٰذَا بَاطِلًا ج سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

(کارخانہ) بے مقصد پیدا نہیں کیا، آپ (ایسے فضول کام سے) پاک ہیں، پس ہمیں دوزخ کے

رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ط

عذاب سے بچا لیجئے۔ اے ہمارے رب! آپ جس کسی کو بھی دوزخ میں داخل کر دیں، اسے آپ

وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا

نے یقیناً رسوا ہی کر دیا، اور ظالموں کو کسی قسم کے مددگار نصیب نہ ہوں گے۔ اے ہمارے رب! ہم

مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ

نے ایک منادی کو سنا جو ایمان کی طرف پکار رہا تھا کہ "اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ" چنانچہ ہم ایمان

فَاٰمَنَّا ﰰ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ كَفِّرْ عَنَّا

لے آئے، لہٰذا اے ہمارے رب! ہماری خاطر ہمارے گناہ بخش دیجئے، ہماری برائیوں کو ہم سے مٹا

سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا

دیجئے، اور ہمیں نیک لوگوں میں شامل کر کے اپنے پاس بلائیے۔ اے ہمارے رب ہمیں وہ سب

وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

عطا فرمائیے، جس کا وعدہ آپ نے اپنے پیغمبروں کے ذریعہ ہم سے کیا ہے اور ہمیں قیامت کے دن رسوا

اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۞ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا

نہ کیجئے، یقیناً آپ وعدے کی کبھی خلاف ورزی نہیں کیا کرتے۔" اے ہمارے رب! ہم اپنی

وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ

جانوں پر ظلم کر گزرے ہیں، اور اگر آپ نے ہمیں معاف نہ فرمایا، اور ہم پر رحم نہ کیا تو یقیناً ہم نامراد

الْخٰسِرِيْنَ ۞ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا

لوگوں میں شامل ہو جائیں گے۔ اے ہمارے رب! صبر کے پیمانے ہم پر انڈیل دے، اور ہمیں اس

مُسْلِمِيْنَ ۞ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا

حالت میں موت دے، کہ ہم تیرے تابع دار ہوں۔ آپ ہی ہمارے رکھوالے ہیں اس لئے ہمیں معاف کر دیجئے

وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ۞ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً

ہم پر رحم فرمائیے، بے شک آپ سارے معاف کرنے والوں سے بہتر معاف کرنے والے ہیں۔

لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۞ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ

اے ہمارے پروردگار! ہمیں ان ظالم لوگوں کے ہاتھوں آزمائش میں نہ ڈالئے، اور اپنی رحمت سے

الْكٰفِرِيْنَ ۞ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۣ قف اَنْتَ وَلِيّٖ

ہمیں کافر قوم سے نجات دیجئے۔ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! تو ہی دنیا اور آخرت میں

فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ

میرا رکھوالا ہے، مجھے اس حالت میں دنیا سے اُٹھانا کہ میں تیرا فرماں بردار رہوں، اور مجھے نیک لوگوں

بِالصّٰلِحِیْنَ ۝ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَ مِنْ

میں شامل کرنا۔ یا رب! مجھے نماز قائم کرنے والا بنادیجئے، اور میری نسل کو بھی،

ذُرِّیَّتِیْ ۖ رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَ

اے ہمارے پروردگار! اور میری دعا قبول فرمالیجئے۔ اے ہمارے پروردگار! جس دن حساب قائم

لِوَالِدَیَّ وَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

ہوگا اس دن میری، میرے والدین کی اور ان سب کی جو ایمان رکھتے ہیں مغفرت فرمائیے۔

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا ۝ رَبِّ اَدْخِلْنِیْ

اے رب! جس طرح انہوں نے میرے بچپن میں مجھے پالا ہے آپ بھی ان کے ساتھ رحمت کا معاملہ کیجئے

مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ

اے رب مجھے جہاں داخل فرما اچھائی کے ساتھ داخل فرما، اور جہاں سے نکال اچھائی کے ساتھ نکال،

وَّ اجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ۝ رَبَّنَآ

اور مجھے خاص اپنے پاس سے ایسا اقتدار عطا فرما، جس کے ساتھ (تیری) مدد ہو،

اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّ هَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا

اے ہمارے پروردگار! ہم پر خاص اپنے پاس سے رحمت نازل فرمائیے، اور ہماری اس صورت حال میں

رَشَدًا ۝ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝ وَيَسِّرْ لِيْٓ

ہمارے لئے بھلائی کا راستہ مہیا فرمادیجئے۔ اے میرے رب! میری خاطر میرا سینہ کھول دیجئے،

اَمْرِيْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۝ يَفْقَهُوْا

اور میرے لئے میرا کام آسان بنادیجئے، اور میری زبان میں جو گرہ ہے اسے دور کردیجئے،

قَوْلِيْ ۝ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ

تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں، اے میرے رب! مجھے علم میں مزید ترقی عطا فرما۔ مجھے یہ تکلیف لگ گئی ہے،

اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ

اور تو سارے رحم کرنے والوں سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔ اے میرے رب! مجھے اکیلا نہ

خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝ رَبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ

چھوڑیئے، اور آپ سب سے بہتر وارث ہیں۔ اے میرے رب! مجھے ایسا اترنا نصیب کر جو برکت

خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۝ رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ

والا ہو، اور تو بہترین اتارنے والا ہے۔ اے میرے رب! میں شیطان کے چھیڑ سے آپ کی پناہ مانگتا

الشَّيٰطِيْنِ ۝ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝

ہوں، اور اے میرے رب! میں ان کے اپنے قریب آنے سے بھی آپ کی پناہ مانگتا ہوں۔ اے

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ

ہمارے پروردگار! ہم ایمان لے آئے ہیں، پس ہمیں بخش دیجئے اور ہم پر رحم فرمائیے، اور آپ سب رحم

الرّٰحِمِيْنَ ۝ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ

کرنے والوں سے بڑھ رحم فرمانے والے ہیں۔ ہمارے پروردگار! جہنم کے عذاب کو ہم سے دور رکھئے،

اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ

حقیقت یہ ہیکہ اس کا عذاب وہ تباہی ہے، جو چمٹ کر رہ جاتی ہے، اے ہمارے پروردگار! ہمیں

اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ

اپنی بیوی بچوں سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما، اور ہمیں پرہیزگاروں کا سربراہ بنا دیجئے، اے

اِمَامًا ۝ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ

میرے پروردگار! مجھے اس بات کا پابند بنا دیجئے کہ میں ان نعمتوں کا شکر ادا کروں، جو آپ نے

اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَ عَلٰى وَالِدَيَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا

مجھے اور میرے والدین کو عطا فرمائی ہیں، اور وہ نیک عمل کروں جو آپ کو پسند ہو،

تَرْضٰىهُ وَ اَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ۝

اور اپنے رحمت سے مجھے اپنے نیک بندوں میں شامل فرمالیجئے۔ اے میرے پروردگار! جو کوئی

رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ۝ رَبِّ

بہتری تو مجھ پر اوپر سے نازل کردے، میں اس کا محتاج ہوں، اے میرے پروردگار! ان

انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ

مفسدوں کے مقابلے میں میری مدد فرمائیے۔ اے ہمارے پروردگار! تیری رحمت اور علم ہر چیز

شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِیْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا

پر حاوی ہے، اس لئے جن لوگوں نے توبہ کر لی ہیں، اور تیرے راستے پر چل پڑے ہیں، ان کی

سَبِیْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِیْمِ ۝ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ

بخشش فرما دے، اور انھیں دوزخ کے عذاب سے بچالے۔ اور اے پروردگار! انہیں ہمیشہ رہنے

جَنّٰتِ عَدْنِ ٍ الَّتِیْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ

والی ان جنتوں میں داخل فرمالے، جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے، نیز ان کی ماں باپ اور

اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّیّٰتِهِمْ ط اِنَّكَ اَنْتَ

بیوی بچوں میں سے جو نیک ہوں، انہیں بھی۔ یقیناً تیری اور صرف تیری ذات وہ ہے جس کا اقتدار

الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝ وَقِهِمُ السَّیِّاٰتِ ط وَمَنْ تَقِ

بھی کامل ہے، جس کی حکمت بھی کامل۔ اور ان کو ہر طرح کی برائیوں سے محفوظ رکھ،

السَّیِّاٰتِ یَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ط وَذٰلِكَ هُوَ

اور اس دن جسے تو نے برائیوں سے محفوظ کر لیا اس پر تو نے بڑا رحم فرمایا، اور یہی زبردست

الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ۝ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ج اِنِّیْ

کامیابی ہے۔ اور میرے لئے میری اولاد کو صلاحیت دے دیجئے، میں آپ کے حضور توبہ

تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ

کرتا ہوں، اور میں فرماں برداروں میں شامل ہوں۔ میں بے بس ہو چکا ہوں۔

فَانْتَصِرْ ۝ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ

اب آپ ہی بدلہ لیجئے۔" اے ہمارے پروردگار! ہماری بھی مغفرت فرمائیے، اور ہمارے ان بھائیوں کی بھی

سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا

جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں، اور ہمارے دلوں میں ایمان لانے والوں کے لئے کوئی بغض

لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ رَبَّنَا

نہ رکھئے، اے ہمارے پروردگار! آپ بہت شفیق، بہت مہربان ہیں۔ اے ہمارے پروردگار!

عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝

آپ ہی پر ہم نے بھروسہ کیا ہے، اور آپ ہی کی طرف ہم رجوع ہوئے ہیں، اور آپ کی طرف سب کو لوٹ کر جانا

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا

ہے، اے ہمارے پروردگار! ہمیں کافروں کا تختۂ مشق نہ بنا، اور ہمارے پروردگار! ہماری مغفرت فرما دیجئے،

رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ رَبَّنَآ اَتْمِمْ

یقیناً آپ، اور صرف آپ کی ذات وہ ہے جس کا اقتدار بھی کامل ہے، جس کی حکمت بھی کامل۔ اے ہمارے

لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

پروردگار! ہمارے لئے اس نور کو مکمل کر دیجئے، اور ہماری مغفرت فرما دیجئے۔ یقیناً آپ ہر چیز پر پوری قدرت

قَدِيْرٌ ۝ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ

رکھنے والے ہیں۔ میرے پروردگار! میری بخشش فرما دیجئے، اور میرے والدین کی بھی، اور ہر اس شخص کی بھی

بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ ط

جو میرے گھر میں ایمان کی حالت میں داخل ہوا ہے، اور تمام مومن مرد اور مومن عورتوں کی بھی۔

اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَآءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ،

اے اللہ! میرے گناہوں کو برف اور اولے کے پانی سے دھو دیجئے،

وَنَقِّ قَلْبِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ

اور میرے دل کو گناہوں سے ایسا پاک کر دیجئے جیسا کہ سفید کپڑا میل کچیل

الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ، وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ

سے صاف کیا جاتا ہے، میرے اور میرے گناہوں کے درمیان اتنا فاصلہ کر دیجئے جیسا

خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔ (۱)

کہ مشرق اور مغرب کے درمیان آپ نے فاصلہ کیا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اٰتِ نَفْسِيْ تَقْوٰهَا، وَزَكِّهَا اَنْتَ خَيْرُ

یا اللہ! میرے نفس کو (اسکی) پرہیزگاری عطا فرمائیے اور اسے پاک کر دیجئے، آپ ہی

مَنْ زَكّٰهَا، اَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلٰهَا۔ (۲) اِنَّا نَسْئَلُكَ

سب سے بہتر پاک کرنے والے ہیں، آپ ہی اس (نفس) کے مالک اور آقا

مِنْ خَيْرِ مَا سَاَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى

ہیں۔ ہم آپ سے وہ سب بھلائیاں مانگتے ہیں جو آپ سے آپ کے نبی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔[1] اِنَّا نَسْئَلُكَ عَزَآئِمَ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگی ہیں۔ ہم آپ سے مغفرت کے اسباب،

مَغْفِرَتِكَ، وَ مُنْجِيَاتِ اَمْرِكَ، وَ السَّلَامَةَ مِنْ

نجات دینے والے کام، ہر گناہ سے سلامتی، اور ہر

كُلِّ اِثْمٍ، وَ الْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ، وَ الْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ،

نیکی کی توفیق، جنت کا حصول،

وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ۔[2] اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا۔[3]

اور دوزخ سے نجات مانگتے ہیں۔ میں آپ سے نفع دینے والا علم مانگتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ، وَخَطَايَ وَعَمَدِيْ۔[4]

یا اللہ میرے نا دانستہ اور دانستہ گناہ معاف فرما دیجئے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ خَطِيْٓئَتِيْ وَجَهْلِيْ وَاِسْرَافِيْ فِيْٓ

یا اللہ! میری خطا، نادانی، اور اپنے معاملے میں میری زیادتی

اَمْرِيْ، وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ۔[5] اَللّٰهُمَّ

معاف کردیجئے اور وہ بھی (بخش دیجئے) جو آپ مجھ سے بڑھ کر جانتے ہیں۔ یا اللہ!

اغْفِرْلِيْ جِدِّيْ وَ هَزْلِيْ۔[6] اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ

میرا (وہ گناہ) جو مجھ کو مقصود تھا اور غیر مقصود تھا (سب) معاف فرمادیجئے۔ اے دلوں

(۱) رواہ ترمذی: ۳۵۲۱ (۲) رواہ حاکم: ۱۹۵۷ (۳) کنز العمال ۳۸۰۴ (۴) رواہ الطبرانی: ۶۶۲
(۵) رواہ البخاری: ۶۳۹۹ (۶) رواہ مسلم: ۲۷۱۹

الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ[1]۔

کے پھیرنے والے اللہ ! ہمارے دل اپنی فرمانبرداری کی طرف پھیر دے۔

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِىْ وَسَدِّدْنِىْ[2]۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ

یا اللہ ! مجھے ہدایت دیجئے اور مجھے درست رکھئے ۔یا اللہ ! میں آپ سے

الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى[3]۔ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ

ہدایت اور پرہیزگاری اور پارسائی اور پاکدامنی اور سیر چشمی مانگتا ہوں۔ یا اللہ! میرا دین

لِىْ دِيْنِىَ الَّذِىْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِىْ، وَاَصْلِحْ

درست رکھئے ، جسمیں میری خیریت اور حفاظت ہے اور میری دنیادرست رکھئے

لِىْ دُنْيَاىَ الَّتِىْ فِيْهَا مَعَاشِىْ، وَاَصْلِحْ لِىْٓ اٰخِرَتِىَ

جس میں مجھے زندگی گذارنا ہے اور میری آخرت اچھی بنادیجئے جہاں مجھے

الَّتِىْ فِيْهَا مَعَادِىْ، وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّىْ فِىْ

لوٹ کر جانا ہے اور زندگی کو میرے لیے نیکی اور بھلائی میں اضافہ

كُلِّ خَيْرٍ، وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّىْ مِنْ كُلِّ

اور ترقی (کا ذریعہ) بنادیجئے ، اور موت کو میرے حق میں ہر شر اور برائی سے راحت (اور

شَرٍّ[4]۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِىْ وَارْحَمْنِىْ وَعَافِنِىْ

حفاظت) کو وسیلہ بنادیجئے ۔ یا اللہ! مجھے بخش دیجئے، مجھ پر رحم فرمایئے، اور مجھے عافیت

(۱) رواہ مسلم: ۲۶۵۴ (۲) رواہ مسلم: ۲۷۲۵ (۳) رواہ مسلم: ۲۷۲۱ (۴) رواہ مسلم: ۲۷۲۰۔

وَارْزُقْنِيْ،[1] اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ

نصیب فرمائیے اور مجھے روزی عطا فرمائیے۔ یا اللہ! میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں

وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَاْثَمِ،

کم ہمتی سے، سستی و کاہلی سے، بزدلی سے، انتہائی بڑھاپے سے، قرضے کے بوجھ سے،

وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ النَّارِ، وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ

اور ہر گناہ سے دوزخ کے عذاب سے، اور جہنم کے فتنے سے، اور قبر کے فتنے سے،

وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَشَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى وَشَرِّ فِتْنَةِ

اور عذابِ قبر سے، اور مالداری کے برے فتنے سے، اور محتاجی کے برے فتنے سے،

الْفَقْرِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، وَمِنْ

اور مسیح دجال کے برے فتنے سے، اور زندگی

فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَمِنَ الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ

اور موت کے فتنے سے، اور سخت دلی سے، اور غفلت سے،

وَالْعَيْلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ، وَالْكُفْرِ وَالْفُسُوْقِ

اور تنگدستی سے، اور ذلت سے، اور بے چارگی سے، اور کفر سے، اور فسق سے،

وَالشِّقَاقِ، وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَآءِ، وَمِنَ الصَّمَمِ

اور ہٹ دھرمی سے، اور (لوگوں میں) شہرت سے، اور دکھاوے (کے لیے عمل کرنے) سے،

۱) رواہ مسلم: ۲۶۹۷۔

وَالْبَکَمِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَیِّءِ الْاَسْقَامِ

اور بہرہ پن سے، اور گونگے ہونے سے، اور دیوانگی سے، اور کوڑھ کی بیماری سے، اور بری

وَضَلَعِ الدَّیْنِ وَمِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْبُخْلِ

بیماریوں اور قرضہ کے بوجھ سے، اور فکر سے، اور غم سے، اور بخل سے،

وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ، وَمِنْ اَنْ اُرَدَّ اِلٰٓی اَرْذَلِ الْعُمُرِ،

اور لوگوں کے دباؤ سے، اور اس سے کہ ناکارہ عمر تک پہنچوں،

وَفِتْنَةِ الدُّنْیَا وَمِنْ عِلْمٍ لَّا یَنْفَعُ، وَمِنْ قَلْبٍ


اور دنیا کے فتنے سے، اس علم سے جو نفع نہ دے، اور اس دل سے

لَّا یَخْشَعُ وَمِنْ نَّفْسٍ لَّا تَشْبَعُ، وَمِنْ دَعْوَةٍ

جس میں خشوع نہ ہو، اور اس نفس سے جو سیر نہ ہو،

لَّا یُسْتَجَابُ لَھَا۔[۱]

اور اس دعا سے جو مقبول نہ ہو۔



۱) رواہ النسائی والبخاری: ۹۳۲/۹۴۹۔

المنزل الثانی یوم الاحد

دوسری منزل بروز اتوار (یک شنبہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان ، نہایت رحم والے ہیں

رَبِّ اَعِنِّيْ وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ، وَانْصُرْنِيْ وَلَا تَنْصُرْ

اے رب! میری مدد فرما! میرے مقابلے کسی کی مدد نہ فرما، میری حمایت فرما میرے مقابلے کسی کی

عَلَيَّ، وَامْكُرْ لِيْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَيَّ، وَاهْدِنِيْ وَيَسِّرِ

حمایت نہ فرما، میرے حق میں اپنی تدبیر فرما میرے خلاف نہ فرما، مجھے ہدایت عطا فرما اور میرے لیے

الْهُدٰى لِيْ، وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ، رَبِّ

ہدایت کو آسان فرما، جو کوئی مجھ پر ظلم و زیادتی کرے اس کے مقابلے میں میری مدد فرما۔

اجْعَلْنِيْ لَكَ ذَكَّارًا، لَكَ شَكَّارًا لَّكَ رَهَّابًا، لَكَ

اے میرے رب! مجھے خوب ذکر کرنے والا، خوب شکر کرنے والا، اپنے سے بہت ڈرنے والا،

مِطْوَاعًا، لَكَ مُطِيْعًا، اِلَيْكَ مُخْبِتًا، اِلَيْكَ

سراپا فرمانبردار بنا دیجئے، اپنے حضور عاجزی سے جھکنے والا، نرم دل، اور اپنی بارگاہ کی طرف

اَوَّاهًا مُّنِيْبًا۔ رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِيْ وَاغْسِلْ

رجوع ہونے والا اور پلٹنے والا بنا دیجئے۔ اے میرے پروردگار! میری توبہ قبول فرمالیجئے، میرے

حَوْبَتِيْ وَاَجِبْ دَعْوَتِيْ، وَثَبِّتْ حُجَّتِيْ وَسَدِّدْ

گناہوں کو دھو دیجئے، میری دعا قبول فرمایئے، میری حجت (یعنی ایمان کو) مستحکم فرمایئے،

لِسَانِيْ، وَاهْدِ قَلْبِيْ وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ صَدْرِيْ۔(۱)

اور میری زبان ٹھیک چلنے والی بنا دیجئے، اور میرے دل کو ہدایت دیجئے، اور میرے سینے سے کدورت نکال دیجئے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا، وَارْضَ عَنَّا وَاَدْخِلْنَا

یا اللہ! ہمیں بخش دیجئے اور ہم پر رحم فرمایئے اور ہم سے راضی ہو جایئے اور ہمیں بہشت

الْجَنَّةَ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ، وَاَصْلِحْ لَنَا شَانَنَا كُلَّهٗ۔(۲)

میں داخل کیجئے، اور ہمیں دوزخ سے بچایئے، اور ہمارے سب حال درست فرما دیجئے۔

اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا، وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا

یا اللہ! ہمارے دلوں میں الفت ڈال دیجئے، اور ہمارے آپس کے (باہمی) تعلقات

وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ، وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ

درست فرمایئے، اور ہمیں سلامتی کے راستے دکھایئے، اور ہمیں اندھیروں سے

اِلَى النُّوْرِ، وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا

نور کی طرف نکال لیجئے، اور ہمیں بے حیائیوں سے جو اِن میں سے ظاہر کی ہوں

(۱) الترمذی وسنن ابی داود:

(۲) ابن ماجہ:۳۸۳۶

وَمَا بَطَنَ، وَ بَارِكْ لَنَا فِيْٓ اَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا،

اور باطن کی ہوں (دونوں سے) الگ رکھئے۔ اور ہمیں ہماری سماعتوں میں، ہماری بینائیوں

وَقُلُوْبِنَا وَاَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا، وَتُبْ عَلَيْنَآ

میں، اور ہمارے دلوں میں، اور ہماری بیویوں میں، اور ہماری اولاد میں برکت دیجئے، اور ہماری توبہ

اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۔ وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ

قبول فرمایئے، بے شک آپ ہی توبہ قبول کرنے والے (اور) مہربان ہیں۔ اور ہمیں اپنی نعمتوں کا

لِنِعْمَتِكَ، مُثْنِيْنَ بِهَا قَابِلِيْهَا، وَاَتِمَّهَا عَلَيْنَا۔ (۱)

شکر گذار اور تعریف کرنے والا بنایئے، اور نعمتوں کے قابل بنایئے اور انہیں ہم پر پورا فرما دیجئے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْاَمْرِ، وَاَسْئَلُكَ

یا اللہ! میں آپ سے امور (دین) میں ثابت قدمی طلب کرتا ہوں، اور آپ سے اعلیٰ

عَزِيْمَةَ الرُّشْدِ، وَاَسْئَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ، وَحُسْنَ

درجے کی صلاحیت طلب کرتا ہوں، اور آپ سے آپ کی نعمتوں کے شکریے کی توفیق، اور

عِبَادَتِكَ، وَاَسْئَلُكَ لِسَانًا صَادِقًا وَّ قَلْبًا سَلِيْمًا،

حسنِ عبادت مانگتا ہوں، اور آپ سے سچی زبان، اور قلب سلیم،

وَخُلُقًا مُّسْتَقِيْمًا، وَاَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ

اور صحیح اخلاق مانگتا ہوں۔ اور آپ سے وہ خیر مانگتا ہوں جس کو آپ جانتے ہیں،

(۱) ابوداود: ۹۶۹

وَاَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ، اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ

اور آپ سے اس گناہ کی معافی چاہتا ہوں جس کو آپ جانتے ہیں، بے شک

الْغُيُوْبِ۔ (۱) اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَآ

آپ ہی ہر پوشیدہ کو جاننے والے ہیں۔ یا اللہ! جو کچھ میں نے پہلے کیا، اور جو کچھ

اَخَّرْتُ، وَمَآ اَسْرَرْتُ وَمَآ اَعْلَنْتُ، وَمَآ اَنْتَ

بعد میں کیا، اور جو کچھ میں نے چھپ کر کیا، اور جو کچھ کھلم کھلا کیا، اور جو آپ مجھ سے زیادہ

اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ۔ (۲) اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ

جانتے ہیں، اس کو معاف فرما دیجئے۔ یا اللہ! آپ ہمیں اپنی خشیت میں سے اتنا حصہ

مَا تَحُوْلُ بِهٖ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ، وَمِنْ

دیجئے کہ وہ ہمارے اور گناہوں کے درمیان حائل ہو جائے، اور اپنی فرمانبرداری سے

طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ جَنَّتَكَ، وَمِنَ الْيَقِيْنِ

اتنا حصہ عطا فرمایئے کہ اس کے ذریعے سے آپ ہمیں جنت میں پہنچا دیں، اور اتنا

مَا تُهَوِّنُ بِهٖ عَلَيْنَا مَصَآئِبَ الدُّنْيَا، وَمَتِّعْنَا

یقین (عطا فرمایئے) کہ اس سے آپ ہم پر دنیا کی مصیبتیں آسان کر دیں، اور ہماری سماعتوں،

بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا، وَقُوَّتِنَا مَآ اَحْيَيْتَنَا،

اور ہماری بینائیوں، اور ہماری قوت کو (اس وقت تک) کارآمد رکھئے جب تک آپ ہمیں زندہ رکھیں،

(۱) الترمذی: ۳۴۰۷
(۲) الترمذی: ۳۴۲۱

وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا، وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلٰى مَنْ

اور اسکی خیر کو ہمارے بعد (بھی) باقی رکھئے۔ اور جو ہم پر ظلم کرے

ظَلَمَنَا، وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا، وَلَا تَجْعَلْ

اس سے ہمارا بدلہ لیجئے، اور جو ہم سے دشمنی کریں اس پر ہمیں غلبہ عطا فرمایئے، اور ہمارے دین میں

مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا، وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ

ہمارے لئے مصیبت نہ ڈالئے، اور دنیا کو ہمارا مقصودِ اعظم نہ بنایئے، اور نہ ہماری

هَمِّنَا، وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا وَلَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا، وَلَا

معلومات کی انتہا اور ہماری رغبت کی منزلِ مقصود نہ بنایئے، اور ہم پر اس شخص کو

تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا۔[1] اَللّٰهُمَّ زِدْنَا

مسلط نہ کیجئے جو ہم پر رحم نہ کرے۔ یا اللہ! ہمیں (راحتوں اور نعمتوں کے لحاظ سے) بڑھایئے،

وَلَا تَنْقُصْنَا، وَاَكْرِمْنَا وَلَا تُهِنَّا، وَاَعْطِنَا

گھٹایئے نہیں، ہمیں عزت دیجئے، ذلیل نہ فرمایئے، اور ہمیں عطا فرمایئے،

وَلَا تَحْرِمْنَا، وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَيْنَا، وَاَرْضِنَا

اور محروم نہ رکھئے، اور ہمیں بڑھایئے اور دوسروں کو ہم پر نہ بڑھایئے، اور ہمیں خوش رکھئے،

وَارْضَ عَنَّا۔[2] اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِيْ رُشْدِيْ۔[3] اَللّٰهُمَّ

اور ہم سے راضی ہو جایئے۔ یا اللہ! میرے دل میں میری سعادت ڈال دیجئے۔ یا اللہ!

(۱) الترمذی: ۳۵۰۲ (۲) الترمذی: ۳۱۷۳ (۳) الترمذی: ۳۴۸۳

قِنِیْ شَرَّ نَفْسِیْ، وَاعْزِمْ لِیْ عَلٰی رُشْدِ اَمْرِیْ (۱)

مجھے میرے نفس کی برائی سے محفوظ رکھئے اور مجھے میرے امور کی اصلاح کی ہمت دیجئے،

اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَافِیَةَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ (۲) اَللّٰهُمَّ

میں اللہ تعالیٰ سے دنیا و آخرت (دونوں) میں عافیت مانگتا ہوں۔ یا اللہ!

اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ، وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ،

میں آپ سے نیکیوں کے کرنے کی توفیق مانگتا ہوں، اور برائیوں کے چھوڑنے کی،

وَحُبَّ الْمَسَاكِیْنِ، وَاَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمَنِیْ، وَاِذَآ

اور غریبوں کی محبت کی، اور یہ کہ آپ مجھے بخش دیں، اور مجھ پر رحم فرمائیں اور آپ جب

اَرَدْتَّ بِقَوْمٍ فِتْنَةً، فَتَوَفَّنِیْ غَیْرَ مَفْتُوْنٍ۔

کسی جماعت پر بلا (مصیبت) نازل کرنے کا ارادہ کریں تو مجھے اٹھا لیجئے قبل اس کے کہ میں اس

وَاَسْئَلُكَ حُبَّكَ، وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّكَ، وَحُبَّ

مصیبت میں پڑوں اور میں آپ سے آپکی محبت مانگتا ہوں اور اس شخص کی محبت (بھی مانگتا ہوں)

عَمَلٍ یُّقَرِّبُ اِلٰی حُبِّكَ (۳) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ

جو آپ سے محبت رکھتا ہے اور اس عمل کی محبت جو آپکی محبت سے قریب کردے۔ یا اللہ! مجھے اپنی

اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَاَهْلِیْ، وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ (۴)۔

محبت میری جان سے، اور میرے گھر والوں سے، اور ٹھنڈے پانی سے بھی بڑھ کر محبوب کردے۔

(۱) المستدرک للحاکم: ۱۸۸۰ (۲) الترمذی: ۳۵۱۴ (۳) المستدرک للحاکم: ۱۹۳۲ (۴) الترمذی: ۳۴۹۰

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ حُبَّكَ، وَحُبَّ مَنْ يَّنْفَعُنِيْ

یااللہ! مجھے اپنی محبت نصیب فرما اور اس شخص کی محبت (بھی عطا فرما) جس کی محبت آپ

حُبُّهٗ عِنْدَكَ - اَللّٰهُمَّ فَكَمَا رَزَقْتَنِيْ مِمَّآ اُحِبُّ،

کے نزدیک میرے حق میں نافع ہو۔ یااللہ! جس طرح آپ نے مجھے وہ عطا کیا ہے جو

فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِّيْ فِيْمَا تُحِبُّ - اَللّٰهُمَّ وَمَا زَوَيْتَ

آپکو پسند ہے اسے میرا مددگار بھی اس کام میں بنا دیجئے جو آپ کو پسند ہے۔ یااللہ! جو کچھ دور رکھا آپ نے

عَنِّيْ مِمَّآ اُحِبُّ، فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِّيْ فِيْمَا تُحِبُّ - (۱)

مجھ سے جو مجھ کو پسند ہیں اور آپ اسے میرے حق میں موجب فراغت بنا دیجئے جو آپ کو پسند ہیں۔

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ - (۲)

اے دلوں کو پلٹنے والے (آقا)! میرا دل اپنے دین پر مضبوط رکھئے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا لَّا يَرْتَدُّ، وَنَعِيْمًا

یااللہ! میں آپ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں کہ پھر نہ پھرے اور ایسی نعمتیں (طلب کرتا

لَّا يَنْفَدُ، وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ہوں) جو کہ ختم نہ ہوں اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت مانگتا

وَسَلَّمَ، فِيْٓ اَعْلٰى دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ - (۳)

ہوں بلند ترین مقام یعنی جنتِ خلد میں۔

(۱) الترمذی: ۳۴۹۱ (۲) الترمذی: ۲۱۴۰ (۳) المستدرک للحاکم: ۱۹۲۸

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ صِحَّةً فِیْۤ اِیْمَانٍ، وَاِیْمَانًا فِیْ

یا اللہ! میں آپ سے تندرستی مانگتا ہوں ایمان کے ساتھ، اور ایمان (مانگتا ہوں) حسنِ اخلاق

حُسْنِ خُلُقٍ، وَنَجَاحًا تُتْبِعُهٗ فَلَاحًا وَّ رَحْمَةً مِّنْكَ،

کے ساتھ اور کامیابی (مانگتا ہوں) جس کے پیچھے آپ مجھے فلاح دیں، اور آپ کی طرف سے

وَ عَافِيَةً وَّ مَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا [۱]۔ اَللّٰهُمَّ

رحمت، و عافیت، اور مغفرت ، اور آپکی خوشنودی مانگتا ہوں۔ یا اللہ!

انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ، وَعَلِّمْنِیْ مَا يَنْفَعُنِیْ [۲]۔

آپ نے جو علم مجھے عطا فرمایا ہے اس سے مجھے نفع دیجئے اور مجھے وہ علم عطا کیجئے جو مجھے نفع

اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبِ وَ قُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ،

دے۔ یا اللہ! بوسیلہ اپنے عالم الغیب ہونے کے اور (بوسیلہ) مخلوق پر قادر ہونے کے

اَحْيِنِیْ مَا عَلِمْتَ الْحَيٰوةَ خَيْرًا لِّیْ، وَ تَوَفَّنِیْۤ

مجھے زندہ رکھئے، جب تک آپ کے علم میں زندگی میرے حق میں بہتر ہو، اور مجھے اٹھا لیجئے

اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّیْ، وَاَسْئَلُكَ خَشْيَتَكَ

جب آپ کے علم میں میرے حق میں موت بہتر ہو، اور میں آپ سے آپ کا خوف طلب کرتا

فِی الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ، وَكَلِمَةَ الْاِخْلَاصِ فِیْ

ہوں غائب و حاضر میں، اور اخلاص کی بات (طلب کرتا ہوں) حالتِ

(۱) المستدرک للحاکم: ۱۹۱۹
(۲) الترمذی: ۳۵۹۹

الرِّضٰى وَالْغَضَبِ، وَاَسْئَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ

عیش و طیش میں ، اور آپ سے ایسی نعمت مانگتا ہوں جو ختم نہ ہو،

وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ، وَاَسْئَلُكَ الرِّضَا بِالْقَضَاءِ،

اور ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک جو جانے نہ پائے، اور میں آپ سے مانگتا ہوں آپ کے حکم

وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلٰى

(تکوینی) پر رضا مند رہنا، اور موت کے بعد خوش عیش، اور آپ کے دیدار کی لذت، اور

وَجْهِكَ، وَالشَّوْقَ اِلٰى لِقَآئِكَ، وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ

آپ کے ملاقات کا شوق مانگتا ہوں، اور (یا اللہ!) میں آپ کی ذات کے ذریعے سے

ضَرَّآءَ مُضِرَّةٍ وَّفِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ - اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ

پناہ مانگتا ہوں تکلیف دینے والی مصیبت، اور گمراہ کر دینے والی بلا سے۔ اے اللہ! ہمیں ایمان کی

الْاِيْمَانِ، وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ (١) - اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ

زینت سے آراستہ کر دیجئے، اور ہمیں راہنما اور راہ یاب بنا دیجئے۔ یا اللہ! میں آپ سے

اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ مَا عَلِمْتُ

بھلائی مانگتا ہوں سب کی سب فوری اس وقت کی بھی، اور آئندہ کی بھی، اِسمیں سے بھی

مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ (٢) - اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ

جسکا مجھے علم ہے، اور اُسمیں سے بھی جس کا علم مجھے نہیں ہے۔ یا اللہ! میں آپ سے بھلائی

(١) النسائی: ١٣٠٦ (٢) ابن ماجہ: ٣٨٤٦

خَيْرِ مَا سَأَلَكَ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ - اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

مانگتا ہوں جو آپ سے آپ کے بندے اور نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) نے مانگی ہیں۔ یا اللہ! میں

اَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ

آپ سے جنت مانگتا ہوں، اور جو چیز بھی اس (جنت) کے قریب کرنے والی ہو۔ قول

عَمَلٍ، وَاَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَآءٍ لِّيْ خَيْرًا۔

سے ہو یا عمل سے، اور میں آپ سے یہ مانگتا ہوں کہ اپنے ہر حکم تکوینی کو میرے حق میں بہتر

وَ اَسْئَلُكَ مَا قَضَيْتَ لِيْ مِنْ اَمْرٍ اَنْ تَجْعَلَ

فرمادے۔ اور میں آپ سے یہ مانگتا ہوں کہ جو کچھ آپ میرے حق میں جاری کریں، اس

عَاقِبَتَهٗ رُشْدًا[1] - اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي

کے انجام کو (میرے لیے) سعادت بنا دیجئے۔ یا اللہ! تمام کاموں میں ہمارا انجام

الْاُمُوْرِ كُلِّهَا، وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ

اچھا کر دیجئے، اور ہمیں دنیا کی رسوائی، اور آخرت کے عذاب سے

الْاٰخِرَةِ[2] - اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ قَآئِمًا،

محفوظ رکھئے۔ یا اللہ! مجھے اسلام کے ساتھ قائم رکھئے کھڑے ہوئے (بھی)،

وَاحْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ قَاعِدًا، وَاحْفَظْنِيْ بِالْاِسْلَامِ

اور اسلام کے ساتھ قائم رکھئے بیٹھے ہوئے، اور

(۱) المستدرک للحاکم:
(۲) المستدرک للحاکم: ۶۵۰۸

رَاقِدًا ، وَلَا تُشْمِتْ بِيْ عَدُوًّا وَّ لَا حَاسِدًا۔

لیٹے ہوئے (بھی) اور مجھ پر نہ کسی دشمن کو اور نہ کسی حاسد کو طعنہ کا موقع دیجئے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ كُلِّ خَيْرٍ خَزَآئِنُهٗ بِيَدِكَ۔[1]

یا اللہ! میں آپ سے سب بھلائیاں مانگتا ہوں جن کے خزانے آپ کے قبضۂ قدرت میں ہیں۔

وَ اَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ الَّذِيْ هُوَ بِيَدِكَ كُلِّهٖ۔[2]

اور آپ سے وہ سب بھلائی بھی مانگتا ہوں جو تمام تر آپ ہی کے قبضے میں ہیں۔

اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ ، وَلَا هَمًّا

یا اللہ! ہمارا کوئی (ایسا) گناہ نہ چھوڑیئے جسے آپ بخش نہ دیں، اور کوئی (ایسی) تشویش

اِلَّا فَرَّجْتَهٗ ، وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهٗ ، وَلَا حَاجَةً

جسے آپ دور نہ کر دیں اور نہ کوئی (ایسا) قرضہ جسے آپ ادا نہ کرلیں، اور نہ دنیا و آخرت کی

مِّنْ حَوَآئِجِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا قَضَيْتَهَا ، يَآ

حاجتوں میں سے کوئی ایسی حاجت جسے آپ پوری نہ فرمادیں، اے سب سے بڑھ کر رحم

اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔[3] اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلٰى ذِكْرِكَ

فرمانے والے! ۔یا اللہ! ہماری امداد فرمایئے، ذکر اور اپنے شکر

وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ۔[4] اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِيْ بِمَا

اور اپنی حسن عبادت پر۔ یا اللہ! مجھے قناعت دیجئے، اسمیں جو آپ نے مجھے

(۱) المستدرک للحاکم: ۱۹۲۴ (۲) ابن حبان: ۹۳۴ (۳) المعجم الاوسط للطبرانی: ۳۳۹۸ (۴) المستدرک للحاکم: ۱۰۱۰

رَزَقْتَنِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ، وَاخْلُفْ عَلٰى كُلِّ

عطا فرمایا ہے، اور اس میں میرے لیے برکت دیجئے، اور ہر اس چیز میں جو میرے

غَآئِبَةٍ لِّيْ بِخَيْرٍ [۱]۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ عِيْشَةً

سامنے نہیں ہے آپ نگراں رہیئے خیریت کے ساتھ۔ یا اللہ! میں آپ سے

نَّقِيَّةً، وَمِيْتَةً سَوِيَّةً، وَمَرَدًّا غَيْرَ مَخْزِيٍّ وَّلَا

پاکیزہ زندگی اور ڈھنگ کی موت مانگتا ہوں، اور ایسی مراجعت جس میں میرے لیے

فَاضِحٍ [۲]۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّ فِيْ رِضَاكَ

ذلت و رسوائی نہ ہو۔ یا اللہ! میں کمزور ہوں پس اپنی مرضیات میں میرا ضعف قوت سے

ضُعْفِيْ، وَخُذْ اِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِيْ، وَاجْعَلِ

بدل دیجئے، اور زبردستی مجھے خیر کی طرف لیجائے اور اسلام کو میری پسند کی منتہیٰ

الْاِسْلَامَ مُنْتَهٰى رِضَآئِيْ، وَاِنِّيْ ذَلِيْلٌ فَاَعِزَّنِيْ

بنا دیجئے (یا اللہ!) میں ذلیل ہوں مجھے عزت دیجئے،

وَاِنِّيْ فَقِيْرٌ فَارْزُقْنِيْ [۳]۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ

اور میں محتاج ہوں مجھے رزق عطا فرمایئے۔ یا اللہ! میں آپ سے بہترین

خَيْرَ الْمَسْاَلَةِ وَخَيْرَ الدُّعَآءِ، وَخَيْرَ النَّجَاحِ

سوال، اور بہترین دعا، اور سب سے اچھی کامیابی ، اور سب سے

(۱) المستدرک للحاکم: ۱۸۷۸ (۲) المستدرک للحاکم: ۱۹۸۶ (۳) المستدرک للحاکم: ۱۹۳۱

وَخَيْرَ الْعَمَلِ وَخَيْرَ الثَّوَابِ وَخَيْرَ الْحَيٰوةِ وَخَيْرَ

اچھا عمل، اور سب سے اچھا ثواب مانگتا ہوں، اور سب سے اچھی زندگی اور سب سے

الْمَمَاتِ وَثَبِّتْنِيْ وَثَقِّلْ مَوَازِيْنِيْ وَحَقِّقْ اِيْمَانِيْ

اچھی موت مانگتا ہوں، اور (یا اللہ!) مجھے ثابت قدم رکھئے، اور میری نیکیوں کا پلہ بھاری

وَارْفَعْ دَرَجَتِيْ وَتَقَبَّلْ صَلَاتِيْ وَاَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ

کردیجئے، اور میرے ایمان کو سچا کردیجئے، اور میرا درجہ بلند کردیجئے، اور میری نماز کو قبول

الْعُلٰى مِنَ الْجَنَّةِ اٰمِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ فَوَاتِحَ

فرمایئے، اور میں آپ سے جنت کے بلند درجے مانگتا ہوں (آمین!) یا اللہ!

الْخَيْرِ وَخَوَاتِمَهٗ وَجَوَامِعَهٗ وَاَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ وَظَاهِرَهٗ

میں آپ سے بھلائی کی ابتدائیں، اور انتہائیں مانگتا ہوں، اور خیر کی جامع چیزیں اور خیر کا اوّل

وَبَاطِنَهٗ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ خَيْرَ مَآ اٰتِيْ، وَخَيْرَ مَا

